# مطبوعات

**ترجمہ بلوغ المرام** | مرتبہ علامہ ابن حجر عسقلانی۔ شائع کردہ: نور محمد کارخانہ، تجارت کتب آرام باغ روڈ کراچی قیمت آٹھ روپے۔

بلوغ المرام سولہ سو احادیث کا مجموعہ ہے اور اسکی ترتیب و تبویب فقہی اسلوب پر کی گئی ہے تاکہ احادیث سے احکام اخذ کیے جائیں۔ اس مشہور کتاب کا اُردو ترجمہ ہمارے سامنے ہے جو مع متن شائع ہوا ہے مولانا محمد عبدالرشید نعمانی کے قلم سے فاضل مؤلف کا تعارف اور مولانا خیر محمد صاحب جالندھری کے قلم سے احادیث کی اصطلاحات اور اقسام پر ایک مفید جدول شامل ترجمہ ہے۔ ترجمہ سیدھا سادا اور خاصا رواں ہے۔ حواشی میں ضروری نکات کی شرح کردی گئی ہے۔ کتابت و طباعت کا معیار بہت پسندیدہ ہے دینی رجحانات رکھنے والے نوجوان طلبے کیلیے بہت مفید ہے۔

**تازیانے** | مولفہ:۔ احمد بن محمد الیحی۔ مترجمہ:۔ مولانا ابوالبیان حماد۔ شائع کردہ: نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی قیمت مجلد مع رنگین گردپوش تین روپے ـــ عربی زبان میں دینی و اخلاقی اقوال و کلمات کا ایک مجموعہ "المنبہات" کے نام سے موجود تھا، یہ اسی کا اردو ترجمہ ہے۔ اس مجموعہ میں آیات و احادیث، بزرگوں اور ادیبوں کے اقوال اور اشعار جمع ہیں۔ تبویب اس طرح ہے کہ پہلے دو نکات والے، پھر تین والے، چار والے، علیٰ ہذا القیاس آخر میں دس نکات والے اقوال و کلمات پیش کیے گئے ہیں۔ عربی زبان کے طالب علموں کے لیے تو بہت مفید چیز ہے لیکن وعظ و تصنیف کے کام میں بھی مدد دے سکتی ہے۔ اسے چونکہ ادبی اور واعظانہ نقطۂ نظر سے مرتب کیا گیا ہے لہٰذا نہ تو احادیث کا، اور نہ دوسرے اقوال کا اسنادی جائزہ لیا گیا ہے۔ رطب و یابس سب کچھ جمع ہے۔ مترجم صحیح دینی تصور سے آراستہ اور عربیت اور اردو ادب کے ذوق سے آشنا ہیں۔ جستہ جستہ حصص دیکھنے پر ترجمہ بامحاورہ اور رواں معلوم ہوا۔ البتہ کہیں کہیں ترقی کی گنجائش ہے۔ مثلاً قول ۵ (ص ۲۵) میں "راس المال" کا ترجمہ "اصلی مالیت" کے الفاظ سے کیا گیا ہے، حالانکہ "سرمایہ" یا "سرمایۂ کار" وغیرہ کے الفاظ زیادہ موزوں تھے۔ حدیث ۵ ۳ (ص ۱۲) کے ترجمے میں یومَ لاظلّ الاظلّہٗ کا پورا ٹکڑہ حذف ہوگیا ہے۔ طباعتی معیار متوسط اچھا!

**جبیل خانہ** | مرتبہ سید نقی علی۔ ناشر: گوشۂ ادب، انارکلی، لاہور۔ قیمت مجلد مع رنگین گردپوش تین روپے۔

سید نقی علی صاحب وہ تاریخی شخصیت ہیں جسے مولانا کے ساتھ "قادیانی مسئلہ" کے ناشر ہونے کے

جرم میں مارشل لاء (۱۹۵۳ء) کے تحت فوجی عدالت نے ۹ سال قید بامشقت کی سزا سنائی تھی۔ راہِ حق میں اس قید بامشقت کے تجربے سے گذرتے ہوئے سید صاحب نے عالمِ زنداں کا بڑا گہرا مطالعہ کیا اور اب حاصلِ مطالعہ ہمارے سامنے ہے۔ جیل کی زندگی پر بہت لوگوں نے لکھا ہے مگر سید نقی علی صاحب نے ایک نئی راہ پیدا کی ہے یعنی جیل کی اصطلاحات کا لغت اس انداز سے مرتب کر دیا ہے کہ حیاتِ زنداں کا ایک ایک پہلو سامنے آگیا ہے پیشکش کے الفاظ کی روشنی میں یہ کتاب اُن لوگوں کے لیے ایک طرح کی گائڈ قرار پاتی ہے جن کو آزادی اور دینِ حق کی خاطر آئندہ اس مرحلۂ شوق سے گذرنا ہوگا۔ طباعتی معیار اعلیٰ۔

فتنۂ پرویز و حقیقتِ حدیث | مولفہ: ایم عبدالرحمٰن خاں صاحب۔ ناشر: ایم ثناءاللہ خاں، ریلوے روڈ لاہور۔ قیمت تین روپے ـــــ حدیث پر متجددین کا حملہ اس لحاظ سے موجبِ خیر بھی ہو رہا ہے کہ اس کے ردِ عمل کے طور پر حدیث کی حقیقت اور اس کی دینی اہمیت پر مفید لٹریچر سامنے آرہا ہے۔ یہ کتاب بھی فتنۂ انکارِ حدیث کے رد اور حدیث کی قدر و قیمت کی توضیح میں لکھی گئی ہے۔ منکرینِ حدیث کے ذہن خصوصاً پرویزی مدرسۂ فکر کا تجزیہ ضروری اقتباسات جمع کر کے کیا گیا ہے۔ بہت سی باتیں معلومات افزا ہیں۔ کمی صرف ایک ہے، یہ کہ اندازِ بیان حکیمانہ اور سنجیدہ ہونے کے بجائے مناظرانہ رنگ اختیار کر گیا ہے۔ اور اس طبقے کو متاثر کرنے کا اہتمام نہیں کیا گیا جو درحقیقت پیشِ نظر فتنے کی زد میں ہے۔

آئینۂ تاریخ (حصہ اول) | مرتبہ: جناب افضل حسین ایم اے۔ بی ٹی۔ شائع کردہ مکتبہ جماعت اسلامی (ہند) رامپور قیمت ۱۲/

جماعت اسلامی ہند نے اپنے اسلامی نظریۂ تعلیم کے تحت درسیات کی ترتیب و اشاعت کا جو تیز رفتار کام شروع کر رکھا ہے یہ کتاب اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے۔ بھارت کی تاریخ کی چند جھلکیاں (دورِ قدیم سے خاندانِ تغلق تک) اس میں بالکل جدید اسلوب سے دکھائی گئی ہیں۔ تاریخ کے مطالعہ کے مروجہ مغروضی اور قوم پرستانہ دونوں زاویہ ہائے نظر کو چھوڑ کر اس میں اصولی و مقصدی زاویۂ نظر اختیار کیا گیا ہے۔ ہمیں جناب مرتب کی صلاحیتوں کی وسعت پر حیرت ہے کہ کس خوبی سے اشخاص و واقعات کے ساتھ فکر و تمدن کا اجمالی جائزہ لیا ہے۔ ہر ابھرنے والی طاقت کی صلاحیتیں بھی سامنے آجاتی ہیں اور اس کے زوال کے اسباب بھی۔ مؤلف نے ہر طاقت پر تنقیدی نگاہ ضرور ڈالی ہے مگر اندھے تعصب کا کہیں بھی مظاہرہ نہیں کیا اور نہ دوسری اقوام کے بزرگوں کے لیے کوئی ناگوار لفظ استعمال کیا ہے۔ مسلمان حملہ آوروں کی کامیابی کے اسباب (ص ۹۵) نیک دل سلطان (ص ۱۰۲) بادشاہ کے مقابلے میں قاضی مغیث کی حمایتِ حق (ص ۱۱۳)

بڑے موثر مباحث ہیں۔ جن مقامات پر کہانی کا اسلوب پیدا کیا گیا ہے، وہ تعلیمی نقطۂ نظر سے خاصے کامیاب حصے ہیں۔ مقصدیت کا رنگ کہیں بھی اپنی حد سے بڑھ کر پروپگنڈے کی سطح تک نہیں پہنچا۔ کاش کہ پاکستان کے محکمہ ہائے تعلیم ایسی کتابوں کو داخل نصاب کریں۔

**عفّت** | مرتبہ جناب حمیدہ بیگم بی اے۔ ناشر راشد حمید ناظم ادارۂ خواتین، اچھرہ، لاہور۔ قیمت عہ/

یہ مجموعہ ہائے مضامین کا ایک نیا سلسلہ ہے جو خواتین کی ضروریات کو سامنے رکھ کر مرتب کیا گیا ہے۔ اس کے دو حصے اب تک شائع ہو چکے ہیں۔ پاکستانی خواتین کے لیے اردو میں یوں بھی جو لٹریچر شائع ہو رہا ہے، وہ ضروریات اور تقاضوں کے لحاظ سے ناکافی ہے، لیکن یہ حالات کہ جنہوں نے مسلمان عورت کو دوراہے پر لا کھڑا کر دیا ہے، ان سے عہدہ برآ ہونے کے لیے کوئی قابلِ ذکر کام نہیں ہو رہا۔ ادارۂ خواتین نے اس خلاء کو محسوس کرتے ہوئے عفت کے نام سے جو سلسلۂ اشاعت شروع کیا ہے اس کا ہم بڑی مسرت کے ساتھ خیر مقدم کرتے ہیں۔ عفت کے پیچھے خالص اسلامی ذہن کام کر رہا ہے، مگر وہ ایسا ذہن نہیں جو وقت کے تقاضوں سے غافل ہو۔ ان مجموعوں میں ایک رسالے کا سا تنوع بھی ہے اور پھر ادبی معیار بھی حوصلہ افزا ہے۔ خصوصاً خواتین کے لکھے ہوئے اپنے جو مضامین نظم و نثر ان میں آئے ہیں ان کو دیکھ کر نئی توقعات پیدا ہوتی ہیں۔ کتابت، طباعت، سرورق بہت خوب!

**ہماری دنیا** | مرتب: نقی علی و محمد یوسف صاحبان۔ ناشر: ادارۃ الحبیب، ۴۹ ملین بازار، اچھرہ، لاہور۔ قیمت چھ آنے

بچوں کے لیے مجموعہ ہائے مضامین کا یہ سلسلہ اپنے دو حصے سامنے لا چکا ہے۔ بچوں کی دنیا بھی ابھی تک اچھے مقصدی لٹریچر کی محتاج ہے۔ اسی ضرورت کے پیشِ نظر یہ سلسلہ شروع کیا گیا ہے۔ ان مجموعوں میں معلوماتی، تفریحی اور مقصدی تینوں قسم کے اجزاء موجود ہیں اور اصل زمین اسلامی فکر ہے۔ توقع ہے کہ یہ کوشش قبولیت حاصل کر سکے گی۔ ٹائیٹل تو بہت ہی شاندار ہے۔

**مرأۃ المسلم** | مرتبہ: حکیم عبدالرحمٰن ہاشمی۔ ملنے کا پتہ: مکتبہ جماعت اسلامی، گول چوک سرگودھا۔ قیمت ۱۰/

یہ ایک مختصر مجموعۂ احادیث ہے جسے پڑھ کر ایک عام مسلمان دین برحق کے ناگزیر فکری و اخلاقی تقاضوں کو بخوبی سمجھ سکتا ہے۔ احادیث صحیح اور مستند لی گئی ہیں اور متن کے ساتھ ساتھ ترجمہ دیا گیا ہے۔ شروع میں علم حدیث کے مبادی اور اقسامِ احادیث کا اجمالی بیان دیا گیا ہے اور حدیث کے حجتِ شرعی ہونے پر استدلال کیا گیا ہے

اہم فنی اصطلاحات کی توضیح بھی کردی گئی ہے۔ یہ مجموعہ نہ صرف جماعت اسلامی کی تربیت گاہوں میں بطور نصاب کام دے سکتا ہے، بلکہ مسلمان نوجوانوں کے لیے بہت ہی مفید ہے۔

**نصابِ حدیث** | مرتبہ: مولانا معین الدین صاحب۔ شائع کردہ: جماعت اسلامی، ملتان۔ قیمت ۳ر

یہ بھی احادیث کا ایک مختصر مترجم مجموعہ ہے اور اسی مقصد کو پورا کرتا ہے جو اوپر کے مجموعے میں کارفرما ہے۔ یہ نسبتہً زیادہ مختصر ہے۔

**JAMA'AT-E-ISLAMI.** | مرتبہ: چوہدری علی احمد خاں۔ شائع کردہ: مکتبۂ جماعت اسلامی، ۲۰۵ نواب پور روڈ ڈھاکہ۔ قیمت ۲ر

انگریزی زبان کا یہ پمفلٹ جماعت اسلامی کا مختصر مگر جامع تعارف نامہ ہے۔ جماعت کی دعوت، طریق کار، لٹریچر، شعبۂ خدمتِ خلق، ہیئت انتظامی، مالیات، شعبۂ تربیت، شعبۂ خواتین، منشور اور اس کی تاریخ کو چند صفحات میں پیش کردیا گیا ہے۔ جو لوگ جماعت کو براہِ راست سمجھ کر رائے قائم کرنا چاہیں ان کے لیے یہ بہت مفید چیز ہوگی۔